## سوال

قومی بچت سکیموں سے نفع السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کیا قومی بچت سکیموں سے نفع حاصل کرنا جائز ہے۔ ؟

## جواب

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

بعض اہل علم کا خیال ہے کہ

P.L.S اکاؤنٹ نفع و نقصان کی بنیاد پر مضاربت کی ایک جائز صورت ہے، اس کے علاوہ باقی اکاؤنٹس میں ماہانہ یا سالانہ فکس منافع دیا جاتا ہے، جو کہ ناجائز ہے اور سود ہے۔ آپ کو چاہئیے کہ P.L.S اکاؤنٹ میں اپنی رقم جمع کروائیں۔ لیکن ہماری رائے یہ ہے کہ بینک کے سودی ہونے کی وجہ سے بینک کے ساتھ کسی بھی قسم کا لین دین کرنے سے اجتناب کرنا چاہئے۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتویٰ کمیٹی

محدث فتویٰ